NOTE: THIS IS MODEL PAPER FOR GUIDANCE OF STUDENTS & TEACHERS

ماڈل پیپر - "اُردو- I"

برائے میٹرک ٹیک / میٹرک ووکیشنل 1st ائیر (9th کلاس) امتحان 2014

رول نمبر ہندسوں میں--------------------

رول نمبر الفاظ میں--------------------

(معروضی)

وقت: 20 منٹ

کل نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (D,C,B,A) دیئے گئے ہیں۔ ان چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب (correct option) پر دائرہ لگائیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کی صورت یا کاٹ کر یا کسی بھی طریقے سے مٹا کر یا لیڈ پنسل سے لکھے جوابات غلط تصور ہوں گے۔

سوال نمبر 1. درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

	Questions	(A)	(B)	(C)	(D)
(i	نبوت کا ______ سال شروع ہوا اور اکثر صحابہ مدینے پہنچ گئے۔	بارھواں	دسواں	تیرھواں	پندرھواں
(ii	مولانا الطاف حسین حالی کا آبائی وطن ہے۔	دہلی	لکھنو	آگرہ	پانی پت
(iii	سبق "پنچایت" کے مصنف کون ہیں۔	سرسید احمد خاں	منشی پریم چند	مرزا ادیب	کرنل محمد خان
(iv	سبق "قدر ایاز" میں کرنل کا بنگلہ کم و بیش کتنے ایکڑ قطعہ زمین میں واقع تھا۔	ایک ایکڑ	دو ایکڑ	تین ایکڑ	چار ایکڑ
(v	علامہ محمد اقبالؒ کس سن میں فوت ہوئے۔	۱۹۳۵ء	۱۹۳۷ء	۱۹۳۸ء	۱۹۳۹ء
(vi	دلی قویٰ کے بے کار ڈالنے سے انسان مائل ہو جاتا ہے۔	بری باتوں کی طرف	وحشیانہ باتوں کی طرف	ظالمانہ باتوں کی طرف	مخلصانہ باتوں کی طرف
(vii	مصرع مکمل کریں۔ "آتش غم میں دل بھنا"	یقیناً	کباب	حباب	شاید
(viii	اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے۔	دنیا	دولت	کملی	چادر
(ix	سبق "آرام و سکون" میں ڈاکٹر نے میاں کے لیے کیا علاج تجویز کیا۔	ورزش	آرام و سکون	آپریشن	پرہیز
(x	سید امتیاز علی تاج نے عمر پائی۔	۵۰ سال	۶۰ سال	۷۰ سال	۸۰ سال
(xi	"نٹ" کی مونث ہے۔	نٹوں	نٹنی	نٹیا	نٹی
(xii	"مُلک" کی جمع ہے	ممالک	املاک	ملوک	ملائک
(xiii	خالی جگہ میں مناسب واحد لگائیں۔ "اپنے کام کو ____ سے پاک رکھو۔	نقوص	نفس	نقص	نقش
(xiv	مندرجہ ذیل میں مترادف کی درست فہرست ہے۔	ساس، صراط	اندھیر، تیرگی	فرقت، راحت	قلب، قصرت
(xv	"خورد" کا متضاد ہے۔	خارجہ	خادم	متحرک	کلان

Roll No. _______

ماڈل پیپر - "اُردو - ا"

برائے میٹرک ٹیک/میٹرک ووکیشنل 1st ائیر (9th کلاس) امتحان 2014

وقت: 2:10 گھنٹے

کل نمبر: 60

(Subjective) (حصہ انشائیہ)

(حصہ اوّل)

10 2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے):

(حصہ نظم)

(i) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

(ii) ہے لازوال عہدِ خزاں اس کے واسطے — کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(iii) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(iv) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

(حصہ غزل)

(v) چشم دل کھول اُس بھی عالم پر — یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

(vi) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے؟

(vii) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں — اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

(حصہ دوم)

5,5 3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:

(ا) ہاتھ پاؤں کی محنت، اوقات بسر کرنے اور روٹی کما کر کھانے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ روٹی پیدا کرنا اور پیٹ بھرنا، ایک ایسی چیز ہے کہ بہ مجبوری اُس کے لیے محنت کی جاتی ہے اور ہاتھ پاؤں کی کاہلی چھوڑی جاتی ہے اور اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ محنت مزدوری کرنے والے لوگ اور وہ جو کہ اپنی روزانہ محنت سے اپنی بسر اوقات کا سامان مہیا کرتے ہیں، بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔ محنت کرنا اور سخت سخت کاموں میں ہر روز لگے رہنا، گویا اُن کی طبیعت ثانی ہو جاتی ہے۔

(ب) یہ بنگلہ کم وبیش دو ایکڑ قطعہ زمین میں واقع تھا، یعنی قسامِ ازل نے ہی اسے خاصا شاہانہ طول و عرض بخشا تھا۔ تھا جس کے حاشیے پر منہدی کی گہری سبز باڑ کے سر پر، نیزوں اونچے سرو اور سفیدے کے پیڑ لہلہاتے تھے۔ چمن میں جا بجا سُرخ و سپید گلاب کے پودے تھے۔ الغرض ہمارے بنگلے کا مزاج ہر زاویے سے امیرانہ تھا۔

10 4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھئے:

(i) رسولِ پاک ﷺ نے نبوت کے کون سے سال ہجرت فرمائی؟

(ii) سائلوں کے ساتھ مرزا غالبؔ کا سلوک کیسا تھا؟

(iii) سید انشاء کے اصرار پر جرأتؔ نے کون سا مصرع پڑھا؟

(iv) بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

(v) بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کیلئے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟

(vi) تجمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟

(vii) خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے؟

(viii) شاعر (بہادر شاہ ظفر) نے اپنی کس بدنصیبی کا ذکر کیا ہے؟

5 5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (ا) پنچایت۔ (ب) لہو اور قالین۔

5 6- نظم ''نعت'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھئے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

10 7- پوسٹ ماسٹر صاحب کے نام ڈاکیے کی شکایت کرنے کے لیے درخواست لکھیے۔

یا

اپنی والدہ محترمہ کے نام خط لکھیے جس میں آپ کی خیریت کا ذکر ہو۔

5 8- ''سچ کی برکت'' کے عنوان سے کہانی تحریر کیجئے۔ یا مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔

5 9- درج ذیل غلط فقرات کو درست کیجیے:

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔ (ii) وہ تو ہمیشہ بے پر کی سناتی ہے۔ (iii) اپنے گریبان میں ہاتھ ڈالنا۔ (iv) کاغذی گھوڑے اُڑانا۔ (v) ہاتھوں کے رنگ اڑنا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال / محاورات کی تکمیل کیجیے:

(i) حساب جو جو ---- (ii) خدمت سے ---- (iii) زبان خلق کو نقارہ ----- (iv) شیخی اور ---- (v) رات گئی ----